## سوال

(72) پاکستان کی موجودہ حکومت.... علماء نے ان پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا پاکستان کی موجودہ حکومت مسلمان ہے جب کہ ۱۹۷۰ء میں ۱۱۴ علماء نے ان پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

علماء نے کمیونزم اور سوشلزم کو کفر کہا ہے۔ جب بھی اسلام کے مقابلے میں کمیونسٹ یا سوشلسٹ نظام نافذ کیا جائے گا پھر یہ دارالمسلمین نہ رہے گا۔ اگر کسی کو اصرار ہو کہ کمیونزم کفر نہیں ہے تو پھر اینگل اور مارکس کو بھی مسلمان کہنا پڑے گا۔ کبھی بھی کوئی عقل مند اینگل اور مارکس کو مسلمان نہیں کہے گا، سوائے مخبوط الحواس کے، بہرحال کمیونزم اور سوشلزم کفر ہے۔ نیز عراق کی تحقیقی عدالت نے بھی چار سال پیشتر کمیونزم اور سوشلزم کو کفر ہونے کا فیصلہ دیا تھا، لہٰذا اس نظریے کو اپنانے والا مسلمان نہیں۔ (اخبار ہفت روزہ اہل حدیث لاہور جلد نمبر ۳ شمارہ نمبر ۲۴)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

**جلد 09 ص 152**

محدث فتویٰ